بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ اوّل

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی قریباً تمام مطبوعات' سوائے دو تین کتابوں کے،' انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی تصنیفی و تالیفی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ ان میں سے بعض براہِ راست ڈاکٹر صاحب کے قلم سے نکلی ہیں اور بعض ان کے دروسِ قرآنی اور خطاباتِ عام پر مشتمل ہیں جنہیں مرتب کر کے کتابی صورت دی گئی ہے۔ ان میں سے جس کتابچے کو سب سے زیادہ قبولِ عام حاصل ہوا اور جسے بجا طور پر اس دعوتِ قرآنی کی اساس قرار دیا جاسکتا ہے وہ تو بلاشبہ "مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق" ہی ہے تاہم دیگر بنیادی اہمیت کے کتابچوں میں "اسلام کی نشاۃِ ثانیہ: کرنے کا اصل کام" اور "راہ نجات۔ سورۃ العصر کی روشنی میں" کو نمایاں مقام حاصل ہے۔ یہ تینوں کتابچے قریباً ربع صدی قبل منصّۂ شہود پر آئے تھے اور گزشتہ بیس پچیس برسوں کے دوران نہ صرف یہ کہ ان کے متعدّد ایڈیشن طبع ہو کر وسیع حلقہ تک پھیل چکے ہیں بلکہ بحمد اللہ ان کے انگریزی تراجم بھی شائع ہو چکے ہیں اور ان کے بھی کئی کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔

"راہِ نجات۔ سورۃ العصر کی روشنی میں" ہی کی مانند محترم ڈاکٹر صاحب کی ایک نسبتاً تازہ تالیف "امتِ مسلمہ کے لئے سہ نکاتی لائحہ عمل" جو پہلی بار ۱۹۹۰ء میں شائع ہوئی' دعوتی و تحریکی اعتبار سے نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ یہ کتاب درحقیقت سورۃ آل عمران کی تین آیات (۱۰۲ تا ۱۰۴) کی تشریح و توضیح پر مشتمل ہے جس کے ذریعے مسلمانوں کے لئے ایک سہ نکاتی لائحہ عمل متعین ہوتا ہے جس میں انفرادی و اجتماعی ہر دو سطحوں پر مسلمانوں کے لئے ہدایت و رہنمائی کا وافر سامان موجود ہے۔ موضوع کی اہمیت کے پیش نظر اسے بھی کسی قدر تلخیص کی صورت میں انگریزی زبان کے قالب میں ڈھال لیا گیا ہے تاکہ قرآن کا یہ پیغام وسیع تر حلقے تک پہنچ سکے۔ 'حکمتِ قرآن' کے زیر نظر شمارے میں اسکی تیسری اور آخری قسط شامل کی گئی ہے جبکہ ابتدائی دو اقساط بالترتیب دسمبر ۹۳ء اور جنوری ۹۴ء کے شماروں میں شائع ہو چکی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ قارئین نے اس انگریزی ترجمے کی افادیت بھرپور طور پر محسوس کی ہوگی۔ کتابی صورت میں اس کی اشاعت سے قبل قارئین کرام میں سے کوئی صاحب اس کے بارے میں ہمیں اگر کوئی رائے یا مشورہ دینا چاہیں تو ہم اس کا خیر مقدم کریں گے۔ ○○

© rasailojaraid.co